2025-04-05

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی آج کولمبو میں سری لنکا کے صدر اَنورا کمارا دِسّا نائیکے کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ مختلف شعبوں میں بھارت کی حمایت والے بہت سے اقدامات کا اعلان کیا جائے گا۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں، نکسلیوں کے خلاف کارروائی کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ منعقد کریں گے۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے امیگریشن اور غیر ملکی افراد سے متعلق بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔

4- امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ میں کمی آئی ہے، کیونکہ چین نے امریکی درآمدات پر 31 فیصد جوابی محصولات عائد کردیے ہیں۔

5- اور

نشانے بازی میں، صِفت کور سَمرا نے، ارجنٹینا میں ISSF عالمی کپ میں، خواتین کے 50 میٹر رائفل کے، تین پوزیشن والے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Sri Lanka

وزیر اعظم نریندر مودی آج کولمبو میں، سری لنکا کے صدر اَنورا کمارا دِسّا نائیکے کے ساتھ وسیع بات چیت کریں گے۔ جِس کا مقصد خاص طور پر توانائی، تجارت، کنکٹوٹی، ڈجیٹلائیزیشن اور دفاع کے میدانوں میں، دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنا ہے۔ جناب مودی، تین روزہ سرکاری دورے پر کَل شام سری لنکا کی راجدھانی پہنچے ہیں۔ کولمبو میں اُن کا پُرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ صدر دِسّا نائیکے اور کابینہ کے سرکردہ وزیروں نے، بندارا نائیکے بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر اُن کا استقبال کیا۔ جناب مودی پچھلے سال ستمبر میں دِسّا نائیکے کے، صدر کے عہدے پر فائز ہونے کے بعد سے اب تک سری لنکا کا دورہ کرنے والے پہلے سربراہِ مملکت ہیں۔ اُنھیں اب سے کچھ دیر بعد باقاعدہ استقبالیہ دیا جائے گا۔

V/C: Ahmed Muyeen

وزیراعظم مودی تھائی لینڈ کے دو روزہ دورے کے بعد سری لنکا پہنچے ہیں۔ تھائی لینڈ میں انھوں نے بمسٹیک سربراہ کانفرنس میں شرکت کی۔x

PM Thailandِ

وزیر اعظم نریندر مودی نے بمسٹیک میں ادارے اور صلاحیت سازی کے تئیں، بھارت کی قیادت والے بہت سے اقدامات کا اعلان کیا ہے۔ بمسٹیک کا مطلب ہے "کئی شعبوں میں تکنیکی اور اقتصادی تعاون کے، خلیجِ بنگال کے اقدام"۔

بینکاک میں کَل چھٹی بمسٹیک سربراہ کانفرنس میں شرکت کرتے ہوئے وزیراعظم نے 21 نکاتی ایکشن پلان کی تجویز پیش کی۔ جس میں تعاون کے مختلف پہلوؤں کو شامل کیا گیا ہے۔ اِس ایکشن پلان میں تجارتی تعلقات کو مستحکم کرنا، IT شعبے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا اور خاص طور پر میانما و تھائی لینڈ میں حالیہ زلزلے کے تناظر میں قدرتی آفات کے بندوبست کے میدان میں اشتراک کرنے پر توجہہ دی گئی ہے۔

وزیراعظم نے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے ایک نئے پروگرام BODHI کا اعلان کیا ہے۔BODHI کا مطلب ہے "انسانی وسائل سے متعلق بنیادی ڈھانچے کی منظم ترقی کے لیے بمسٹیک"، جس کے تحت پیشہ ور افراد طلبا، محققین، سفارتکاروں وغیرہ کو تربیت اور اسکالرشپ فراہم کی جائے گی۔x

Shah Chattisgarhِ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن کے دانتے واڑہ ضلعے میں، بَستر Pandum تہوار کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ جناب شاہ، چھتیس گڑھ کے دو روزہ دورے پر کل شام رائے پور پہنچے ہیں۔ جناب شاہ آج رائے پور میں ماؤ نواز مخالف کارروائیوں سے متعلق جائزہ میٹنگ کی صدارت بھی کریں گے۔

V/C - Vikalp Shukla

بَستر Pandum یا بَستر اُتسو، بَستر کے گوناگوں قبائلی آرٹ اور تہذیب کی بازیابی اور اُس کے ملک و بیرونِ ملک نمائش کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ اس 3 روزہ پروگرام کے تحت قبائلی رقص، عوامی گیت، قبائلی ڈرامہ، موسیقی کے آلات، ملبوسات، جواہرات اور کرافٹ اور پکوان جیسے 7 زمروں میں مقابلوں کا انعقاد کیا گیا تھا۔ بَستر Pandum کے ڈویژن سطح کے مقابلوں کا آغاز 3 اپریل کو ہوا تھا، جو آج اختتام پذیر ہوں گے۔ مرکزی وزیر داخلہ دانتے واڑہ میں ماں دنتیشوری مندر بھی جائیں گے۔ اس کے علاوہ جناب شاہ آج شام رائے پور میں، محکمہ جاتی جائزہ میٹنگ میں ماؤ نواز مخالف کارروائیوں کا جائزہ لیں گے۔

رائے پور سے وِکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

## President Immigration BIll

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے امیگریشن اور غیر ملکی افراد سے متعلق بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل میں، بھارت میں غیر ملکی افراد کے امیگریشن، داخلے اور قیام کے ضابطے بیان کیے گئے ہیں۔ اِس قانون نے پاسپورٹ یعنی بھارت میں داخلے سے متعلق قانون 1920، غیر ملکی افراد کے رجسٹریشن سے متعلق قانون 1939، غیر ملکی افراد سے متعلق قانون 1946 اور امیگریشن یعنی ٹرانسپورٹیشن کمپنی کے تحت قانون کی جگہ لی ہے۔

اِس قانون کا مقصد امیگریشن سے متعلق قوانین کو جدید شکل دینا ہے اور اس میں مرکزی حکومت کو پاسپورٹ، سفر سے متعلق دستاویزات، ویزا اور رجسٹریشن کے سلسلے میں کچھ اختیارات دینے کے التزامات رکھے گئے ہیں۔ اِس قانون کا مقصد الگ الگ اور ایک جیسے قوانین سے بچنا ہے۔

قانون کے مطابق اگر کوئی شخص، بھارت میں داخل ہونے یا قیام کرنے کے لیے جعلی پاسپورٹ یا ویزا استعمال یا فراہم کرتے ہوئے پایا گیا تو اُسے سات سال تک کی قید کی سزا ہو سکتی ہے اور اِس کے ساتھ ساتھ اُس پر دس لاکھ روپے تک کا جرمانہ بھی عائد کیا جا سکتا ہے۔

اِس بل کو پارلیمنٹ نے اِس ہفتے کے شروع میں منظوری دے دی تھی جس کے بعد صدرِ جمہوریہ نے اِس بل کو منظور کیا ہے۔x

## NIA Arrested

کیرالہ میں قومی تحقیقاتی ایجنسی، NIA نے RSS لیڈر کے-سری نِواسن کے قتل میں شامل کلیدی ملزم Shanmad Illikkal کو گرفتار کر لیا ہے۔ سری نِواسن کو اپریل 2022 میں Palakkad میں قتل کر دیا گیا تھا۔ اس قتل کی سازش ممنوعہ تنظیم پاپولر فرنٹ آف انڈیا نے رچی تھی۔

ملّاپورم ضلعے کے Manjeri کا رہائشی Shanmad گزشتہ 3 سال سے فرار تھا اور فرضی نام کے تحت رہ رہا تھا۔ NIA نے اس کیس میں اب تک 63 ملزمین کے خلاف فردِ جرم عائد کی ہے۔×

## Goyal Shartup Mahakumbh

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت اختراع اور ٹیکنالوجی والی قیادت سے نمو کے معاملے میں عالمی لیڈر کے طور پر اُبھرنے کے لیے تیار ہے۔ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اِسٹارٹ اَپ مہا کمبھ کے دوسرے ایڈیشن سے کل خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ بھارت، اختراع کی دنیا میں قابلِ ذکر اثرات مرتب کر رہا ہے اور یہ جلد ہی عالمی اسٹیج پر اپنا زبردست اثر پیدا کرے گا۔ جناب گوئل نے مزید کہا کہ نوجوان بھارت، دنیا پر چھا جانے کے لیے تیار اور منتظر ہے۔

## S/B - Piush Goyal Startup

جناب گوئل نے اِسٹارٹ اَپ مہا کمبھ تقریب کی ستائش کرتے ہوئے توانائی کی کارکردگی، الیکٹرانکس کو تقویت دینے اور نوجوان اِسٹارٹ اپس کی جانب سے دفاعی آلات کی تیاری جیسے عالمی درجے کے کاموں کا ذکر کیا۔×

Vaishnaw TN Visit

ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو آج سے تمل ناڈو کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ وہ اپنے دورے میں Pamban ریل بِرج کے افتتاح کی، آخری وقت کی تیاریوں کا جائزہ لینے کے لیے رامیشورم جائیں گے۔ اِس پُل کی، حال ہی میں جدید کاری کی گئی ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی اِس نئے Pamban ریل بِرج کا افتتاح کرنے کے لیے کَل تمل ناڈو جائیں گے۔ یہ پُل سمندر پر تعمیر کیا گیا، بھارت کا ایسا پہلا پُل ہے، جس کے کچھ حصے کو اوپر اٹھایا جا سکتا ہے۔

وزیراعظم ایک ٹرین اور ایک بحری جہاز کو بھی اِس پُل سے جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے اور اِس پُل کی کارکردگی کا نظارہ کریں گے۔

مرکزی وزیر ویشنو اُس ٹرین میں سفر کریں گے جسے وزیراعظم جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ اُن کے ہمراہ اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل۔مروگن بھی ہوں گے۔x

OM Birla IPU Tashkent

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا، اُزبیکستان کے تاشقند میں آج سے شروع ہو رہی 150 ویں بین پارلیمانی یونین اسمبلی، IPU میں پارلیمانی وفد کی قیادت کریں گے۔ جناب برلا، سماجی ترقی اور انصاف کے لیے پارلیمانی کارروائی کے موضوع پر عام مباحثے کے اعلیٰ سطحی حصے کے دوران اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ اس وفد میں راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش اور دیگر اراکینِ پارلیمنٹ جیسے Bhartuhari Mahtab، انوراگ سنگھ ٹھاکر، ڈاکٹر سمبت پاترا، اشوک کمار متّل، کِرن چودھری اور لتا وانکھیڑے شامل ہیں۔ بھارت کا پارلیمانی وفد مختلف IPU اداروں کی میٹنگوں میں بھی شرکت کرے گا، جن میں گورننگ کاؤنسل، ایگزیکٹو کمیٹی، اسٹینڈنگ کمیٹیاں اور مختلف پینل مباحثے شامل ہیں۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

US Stock Market

امریکی شیئر بازار میں کَل، شیئرس کی اچانک فروخت کی وجہ سے کمزوری آئی۔ شیئرس کی یہ فروخت صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے محصولات عائد کرنے کے اقدام پر، امریکہ کے خلاف چین کی طرف سے جوابی کارروائی کے بعد ہوئی ہے اور اس کی وجہ سے عالمی سطح پر ایک تجارتی جنگ شروع ہوگئی ہے۔ سرمایہ کاروں کو اندیشہ ہے کہ ڈرامائی انداز سے شروع ہونے والی اِس تجارتی جنگ کے سبب، امریکہ اور عالمی معیشتیں مندی کا شکار ہو سکتی ہیں۔

Dow میں دو ہزار 231 پوائنٹس یا ساڑھے پانچ فیصد کی کمی آئی۔ S&P 500 میں پانچ اعشاریہ نو سات فیصد کی کمی آئی۔ Nasdaq میں پانچ اعشاریہ آٹھ دو فیصد کی کمی آئی اور یہ 2022

سے اب تک پہلی بار کمزور حالت میں بند ہوا، جو دسمبر میں اپنے ریکارڈ اونچائی سے 20 فیصد سے بھی زیادہ کم ہے۔

JP Morgan کے تجزیہ کاروں نے کہا ہے کہ امریکی معیشت اور عالمی معیشت دونوں میں اِس سال 60 فیصد کمی آنے کے امکانات ہیں۔x

RBI Banknotes

بھارت کا ریزرو بینک جلد ہی مہاتما گاندھی سیریز کے 10 روپے اور 500 روپے کے بینک نوٹ جاری کرے گا، جن پر گورنر سنجے ملہوترا کے دستخط ہوں گے۔ سرکاری پریس ریلیز کے مطابق اِن نوٹوں کا ڈیزائن، ہر طرح سے 10 اور 500 روپؤں کے مہاتما گاندھی سیریز کے بینک نوٹوں جیسا ہی ہوگا۔ وہیں ریزرو بینک کی جانب سے ماضی میں جاری کیے گئے 10 اور 500 روپؤں کے بینک نوٹوں کی قانونی حیثیت برقرار رہے گی۔x

National Maritime Day

آج سمندر میں سرگرمیوں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ یہ دن ملک کی معیشت، دفاع اور تجارت کے شعبوں میں سمندر میں صنعت کے اہم رول کو تسلیم کرنے کے لیے ہر سال پانچ اپریل کو منایا جاتا ہے۔

گجرات میں خلیجِ کچھ میں واقع دین دیال پورٹ کاندلہ پر مالی سال 2024-25 کے دوران 15 کروڑ میٹرک ٹن سے زیادہ سامان کی دھلائی کرکے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا گیا ہے۔ سمندر میں سرگرمیوں کے قومی دن اور مرچنٹ نیوی وِیک کے موقع پر کاندلہ بندرگاہ پر مختلف پروگراموں کا اہتمام کیا گیا ہے۔

کاندلہ میں مرکنٹائل Marine محکمے کے جہاز رانی کے جوائنٹ ڈائریکٹر جنرل اور پرنسپل افسر کیپٹن سنتوش کمار داروگر نے ہمارے نامہ نگار کو اِس دن کی اہمیت کے بارے میں بتایا۔

S/B Captain Santosh Kumar

Gujarat National Maritime Day

وزیر اعظم نریندر مودی کے ”وراثت بھی، وِکاس بھی“ کے ویژن کے مطابق بھارت، گجرات میں احمد آباد کے قریب واقع لوتھل میں قومی بحری دن کے حصے کے طور پر قومی بحری ورثے کے کامپلیکس کی تعمیر کر رہا ہے۔ پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کی 14 میں سے 6 منصوبہ بند میوزیم گیلریوں کے اس سال کے آخر تک پوری طرح فعال ہونے کی امید ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

V/C Aparna

احمد آباد سے تقریباً 80 کلو میٹر پر واقع لوتھل، دنیا کی قدیم ترین تہذیبوں میں سے ایک وادی سندھ کی تہذیب کے باقیات کا مقام ہے۔ توتھل میں جو ایک وقت میں بحری تجارت کا مرکز رہا ہے۔ بحری ورثے کا قومی کامپلیکس تعمیر کیا جائے گا، جہاں بھارت کے عظیم بحری ورثے اور ثقافتی میراث

کو نمایاں کیا جائے گا۔ بندرگاہوں، جہازرانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت لوتھل میں دنیا کے سب سے بڑے بحری میوزیم کی تعمیر کر رہی ہے۔ اس کامپلیکس میں دلچسپی کے کئی مراکز ہوں گے، جن میں دنیا کا سب سے اونچا لائٹ ہاؤس میوزیم اور تیرتا ہوا ریستوراں شامل ہیں۔

احمد آباد سے اپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے بھارت کے شمال مشرقی حصے میں اگلے 4 سے 5 دن تک گرمی کی صورتحال کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اگلے دو دن تک ہماچل پردیش کے دور دراز کے مقامات پر گرمی کی صورتحال کے برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ دلّی، ہریانہ، راجستھان، مغربی اترپردیش، پنجاب اور گجرات میں اس مہینے کی 9 تاریخ تک اسی طرح کی صورتحال کے قائم رہنے کا امکان ہے۔ اِدھر گجرات میں اس مہینے کی 10 اور کونکن اور گوا میں 9 تاریخ تک گرمی اور حبس کے حالات برقرار رہیں گے۔

اس دوران IMD نے کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، کرناٹک کے جنوبی اندرونی علاقے آسام اور میگھالیہ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔×

Govt Human WIld Life

بھارت، انسان اور جنگلاتی زندگی کے ایک دوسرے سے متاثر ہونے کے ماحول میں، جانوروں سے پھیلنے والی بیماریوں سے نمٹنے کے لیے، ایک بین وزارتی سائنسی مطالعے کا آغاز کرے گا۔ منفرد انداز کا یہ مطالعہ، سکم، مہاراشٹر اور تملناڈو میں، پرندوں کی کُچھ خاص پناہ گاہوں میں کیا جائے گا، جس کا مقصد انسانی آبادیوں اور دور دراز سے آنے والے مختلف قسم کے پرندوں دونوں کی صحت پر، قریبی نظر رکھنے کے لیے ''ایک صحت'' نظریے کو فروغ دینا ہے۔x

Rev. Shooting ISF World Cup

ارجنٹینا کے Buenos Aires میں جاری ISSF عالمی کپ میں بھارتی نشانے باز صِفت کور ثمرا نے خواتین کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلوں میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ 23 سالہ پیرس اولمپئن صِفت نے فائنل میں 458 اعشاریہ 6 کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلا عالمی کپ  گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔

دوسری جانب ایشائی کھیلوں میں تمغہ جیتنے والے نشانے باز چَین سنگھ نے مردوں کے مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیت کر بھارت کا کھاتہ کھولا ہے۔ چَین سنگھ نے مردوں کے 50 میٹر رائفل تھری پوزیشن مقابلوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ISSF میں زبردست واپسی کی ہے۔ 35 سالہ اولمپک کھلاڑی نے فائنل میں سخت مقابلہ کرتے ہوئے 443 اعشاریہ 7 اسکور کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔×

IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کل رات لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں میزبان لکھنؤ سُپر جائنٹس نے ممبئی انڈینس کو 12 رن سے ہرایا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے لکھنؤ سُپر جائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 203 رن بنائے۔ جواب میں، ممبئی انڈینس، مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 191 رن ہی بنا سکی۔

چنئی میں آج سہ پہر ساڑھے تین بجے ڈیلی کیپیٹلس کا مقابلہ چنئی سُپر کنگس سے ہوگا جبکہ چنڈی گڑھ میں شام ساڑھے سات بجے راجستھان رائلس کا سامنا پنجاب کنگس سے ہوگا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے تھائی لینڈ میں منعقدہ چھٹی بمسٹیک سربراہ کانفرنس میں وزیراعظم نریندر مودی کی شرکت کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس سربراہ کانفرنس میں بھارت نے بمسٹیک ممالک کے درمیان باہمی اقتصادی تعاون بڑھانے کے لیے 21 نکاتی ایکشن پلان پیش کیا۔ اس موقع پر جناب مودی نے بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر محمد یونس سے ملاقات کی۔ وزیراعظم اب سری لنکا میں ہیں جہاں دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی تعاون پر کسی بڑے معاہدے کا امکان ہے۔

پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو کے مطابق بجٹ اجلاس میں ریکارڈ قائم ہوئے اس خبر کو روزنامہ پرتاپ سمیت کئی اخباروں نے اولیت دی ہے۔ وزیر موصوف نے وقف ترمیمی بل پر دونوں ایوانوں میں ہونے والی بحث کو تاریخی قرار دیا اور سبھی ارکان کا شکریہ ادا کیا۔

اداکار منوج کمار کے انتقال کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی سمیت سرکردہ شخصیات نے ان کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی ہونے کی خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے اجاگر کیا ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے سعودی ولی عہد اور ایرانی صدر کے درمیان خطے کی صورت حال پر ٹیلی فون پر بات چیت کی خبر کو اہمیت دی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی آج کولمبو میں سری لنکا کے صدر اَنورا کمارا دِسّا نائیکے کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ مختلف شعبوں میں بھارت کی حمایت والے بہت سے اقدامات کا اعلان کیا جائے گا۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ آج چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں، نکسلیوں کے خلاف کارروائی کا جائزہ لینے کے لیے ایک میٹنگ منعقد کریں گے۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے امیگریشن اور غیر ملکی افراد سے متعلق بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔

4- امریکہ کی اسٹاک مارکیٹ میں کمی آئی ہے، کیونکہ چین نے امریکی درآمدات پر 31 فیصد جوابی محصولات عائد کردیے ہیں۔

5- اور

نشانے بازی میں، صِفت کور سَمرا نے، ارجنٹینا میں ISSF عالمی کپ میں، خواتین کے 50 میٹر رائفل کے، تین پوزیشن والے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------